مدیر کے قلم سے

تعارف تبصرہ کتب

کتاب: معالم التجوید مؤلف: مولانا قاری عبدالرؤف مدنی

ضخامت: ۱۱۰ صفحات قیمت : درج نہیں ناشر: مدرسہ وددودیہ ڈھکی نعلبندی قصہ خوانی پشاور

زیر تبصرہ مختصر کتاب مولانا قاری عبدالرؤف صاحب مدنی کی تالیف ہے۔فن قرأۃ وتجوید میں اب تک سینکڑوں کتابیں جس میں بعض ضخیم ہیں اور بعض مختصر معرض وجود میں آئی ہیں اور یہ اللہ کی آخری کتاب قرآن کریم کا اعجاز ہے کہ اس کتاب عظیم الشان کی جتنی خدمت ہرزاویہ نظر سے کی گئی ہے۔دنیا میں کسی دوسری کتاب کے حصہ میں نہیں آئی۔اور یہ سلسلہ انشاء اللہ تا قیامت چلتا رہیگا۔مؤلف موصوف نے اس کتاب میں فن تجوید کے متعلق اہم مباحث کا احتواء انتہائی سہل اور آسان انداز میں کیا گیا ہے۔......استاذی المکرم شیخ الحدیث حضرت مولانا ڈاکٹر سید شیر علی شاہ صاحب مدنی مدظلہ کلمات تبرک کے زیر عنوان اپنی تقریظ میں رقمطراز ہیں ''محترم قاری تقریباً ڈیڑھ سال تک مسجد نبوی شریف کے نورانی روحانی اور مقدس ماحول میں اپنے دل ودماغ کو قرآنی علوم ومعارف سے منور ومعطر فرماتے رہے پھر حکومت پاکستان کی طرف سے جدہ میں پاکستان ایمبیسی انٹرنیشنل سکول اینڈ کالج جدہ سعودی عرب میں ۱۴ رسال تک ابنائے۔ پاکستان کو علوم اسلامیہ سے سیراب کرتے رہے اب اسلامیہ کالج پشاور یونیورسٹی میں صدر شعبہ قرأت وتجوید کے عہدہ پر دینی خدمات سرانجام دینے میں حیات مستعار کے بقیہ لیل ونہار بیت رہے ہیں ان کی یہ بیش بہا شاہکار تصنیف ''معالم التجوید'' مشتاقانِ علم قرأۃ وتجوید کے لئے ایک مایہ ناز علمی تحفہ ہے جس پر وہ صد تبریک اور ہزار ستائش وتحسین کے مستحق ہیں۔انہوں نے اپنے طویل وعریض تدریسی تجربات کی روشنی میں علم التجوید کے اہم مباحث بنیادی قواعد وضوابط کو عام فہم سلیس شستہ شگفتہ انداز میں زیب قرطاس فرمایا ہے۔یہ انمول کتاب ''معالم التجوید'' چودہ (۱۴) دروس پر مشتمل ہے جگہ جگہ سوال وجواب کی شکل میں اہم مضامین کو دہرانے کی کوشش کی گئی ہے تاکہ مبتدی طلبہ آسانی سے ان قواعد کو خوب ذہن نشین کرسکیں'' اعلیٰ قیمتی دورنگہ کاغذ پر بہترین چھپائی اور خوبصورت ودیدہ زیب انداز کیساتھ یہ کتاب ہر کتب خانے اور مکتبہ کی زینت بننے کے قابل ہے اور فن تجوید وقرأءت کے شائقین کیلئے ایک بہترین سوغات ہے۔

کتاب: غیث الغمام فی مناقب الامام ابی حنیفۃ النعمانؒ مؤلف: مولانا حافظ عبدالاول بنوری۔

ضخامت: ۱۳۲ صفحات۔ قیمت: درج نہیں ناشر: مدرسہ جامعہ شمس العلوم الاسلامیہ اسماعیلہ (صوابی)

حضرت امام اعظم ابوحنیفہ نعمان بن ثابتؒ کی جلالت شان اور علومرتبت کی ایک دنیا معترف ہے یہی وجہ